© rasailojaraid.com

اور فصاحت و بلاغت کی رعنائیوں کے باوجود بسا اوقات ایسا جذباتی انداز اختیار کر جاتا جو مسلک محدثین سے قدرے منافی ہوتا۔ مرحوم کی عظمت کا اندازہ اسی سے کیا جا سکتا ہے کہ وہ صحابہ رضی اللہ عنہم کے دفاع کی بھینٹ چڑھ گئے کسی دشمن صحابہؓ، دشمن امہات المومنینؓ نے دن دیہاڑے سفاکی، درندگی اور بربریت کا مظاہرہ کرتے ہوئے انہیں جامع اہلحدیث محلہ مستریاں جہلم میں شہید کر دیا۔ لیکن وہ زندگی بھر اس شعر کی مصداق رہے ہے

نئے آبلہ مسجد ہوں نئے تہذیب کا فرزند
میں زہر ہلاہل کو کبھی کہہ نہ سکا قند

زیر نظر کتاب حکیم صاحب کی معرکۃ الآراء تالیف ہے جو اس سے پہلے بڑی آب و تاب سے شائع ہو چکی ہے۔ اسکا طبع ثانی ایڈیشن ہمارے پیش نظر ہے۔ اس موضوع پر موصوف کی شیعہ کے اکابر علماء و مناظرین سے جو علمی اور تحقیقی خط و کتابت ہوئی ان کی پوری تفصیلات اس میں مندرج ہیں۔ مولوی محمد بشیر انصاری آف ٹیکسلا، مولوی اسماعیل شیعہ مناظر مولوی ظہور الحسن شیعہ مولوی مرزا یوسف حسین لکھنوی نے بنات رسول کے موضوع پر جو مفصل مکاتیب صدیقی شہید کو لکھے ان کی پوری تفصیلات اور ان کے مفصل، مدلل اور محققانہ جواب جو صدیقی شہید نے لکھے وہ بھی اس میں پوری آب و تاب سے مندرج ہیں کتاب کے شروع میں ڈاکٹر محمد ایوب قادری کا ایک تاریخی قطعہ مولانا عبدالمجید سیرا صاحب کا صدیقی مرحوم پر مفصل مضمون "حرف محرمانہ" کے عنوان سے جناب سید مختار احمد فاروقی کے رشحات قلم ڈاکٹر سبطین لکھنوی کا مقدمۂ کتاب اور دیگر علمی تحقیقی مباحث اس میں موجود ہیں۔ کتابت اعلیٰ، طباعت عمدہ، کاغذ بہترین، خوبصورت کور، کتاب کا امتیاز ہے۔ ہم اپنے خواندگان محترم سے کتاب کے مطالعہ کی درخواست کریں گے۔

نام کتاب : تحریک خمینی اور امام مہدی۔
نام مصنف : مولانا مجاہد الحسینی۔
تعداد صفحات : ۲۰۸۔
قیمت : پچیس ۲۵/ روپے۔
ملنے کا پتہ : ادارہ صوت الاسلام ۵ ۶ بی پیپلز کالونی فیصل آباد۔

خمینی شاہ ایران کے خلاف تحریک چلانے کے مدار المہام اور بانیوں میں سے ہیں۔ خمینی نے اٹھارہ سال جلا وطن رہ کر ایران کے نام نہاد شہنشاہ کے خلاف پوری استقامت سے تحریک چلا کر انہیں ملک بدر ہونے پر مجبور کر دیا۔ شاہ ایران کی بساط اقتدار لپیٹنے کے بعد وہ ایک فاتح اور انقلابی کی حیثیت سے واپس آیا۔ خمینی کے انقلاب کے بعد اپنے مخالفوں خصوصاً عرب سنیوں اور کرد سنیوں کو اس نے جس بے دردی

© rasailojaraid.com